## سوال

خشک منی لگے کپڑوں میں نماز

## جواب

منی لگے ہوئے کپڑوں میں بھول کر نماز پڑھنا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ مجھ پر غسل جنابت لازم تھا اور میری شلوار پر بھی منی لگی تھی لیکن وہ خشک ہوگئی تھی، میں نے غسل کر کے دوبارہ وہی کپڑے پہن لیے، لیکن میں منی لگی جگہ کو دھونا بھول گیا اور اسی کپڑے میں ہی سارا دن نمازیں پڑھتا رہا، بعد میں خیال آیا کہ میں نے دھویا نہیں تھا، لیکن یہ سب کچھ بھولنے کی وجہ سے ہوا ہے نا کہ عمدا۔ کیا اس صورتحال میں نماز ہو جائے گی۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! صورت مسؤلہ میں آپ کی نمازیں ہوگئی ہیں۔ کیونکہ اہل علم کے صحیح قول کے مطابق منی نجس نہیں بلکہ پاک ہے اور اس کا کپڑوں پر باقی رہنا غیر مؤثر ہے، اس سے کپڑے ناپاک نہیں ہوتے۔ نبی کریم نماز پڑھتے تھے اور منی کے آثار آپ کے کپڑوں میں باقی ہوتے تھے۔ تفصیل کے لئے دیکھیں فتوی نمبر (2241)

http://www.urdufatwa.com/index.php?/Knowledgebase/Article/View/2241/140/ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث